سوال

کوہ قاف حقیقت

جواب

کوہ قاف کی حقیقت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ قرآن وحدیث کی روشنی میں بتائیں کہ کوہ قاف کی حقیقت کیا ہے، یہ کہاں ہے اور کیسا ہے۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! قرآن وحدیث میں کوہ قاف کے حوالے سے کوئی نص موجود نہیں ہے۔ پاکستان، ہندوستان اور ایران میں کوہ قاف کے متعلق جنوں اور پریوں کے بے شمار قصے مشہور ہیں جو نہ صرف عوام میں سینہ بہ سینہ منتقل ہوتے ہیں بلکہ بچوں کی کہانیوں میں باقاعدہ لکھے جاتے ہیں۔ لیکن ان قصے کہانیوں کی افسانوں سے بڑھ کر کوئی حقیقت نہیں ہے۔ یہ دراصل بحیرہ اسود اور بحیرہ قزوین کے درمیان خطہ قفقاز کا ایک پہاڑی سلسلہ ہے جو ایشیا اور یورپ کو جدا کرتا ہے۔ کوہ قاف کے پہاڑی سلسلے کی بلند ترین چوٹی ماؤنٹ البروس ہے جو 18 ہزار 506 فٹ (5 ہزار 642 میٹر) بلند ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی